عبد الرحمن دارمی

امام عبد الرحمن الدارمی سمرقندی (پیدائش: 181ھ/ 797ء – وفات:8 ذوالحجہ 255ھ/17 نومبر 869ء) حدیث کی معتبر کتاب سنن الدارمی کے مؤلف ہیں۔

عبد الرحمن دارمی



معلومات شخصیت	
پیدائش	سنہ 797ء [1] سمرقند
وفات	سنہ 869ء (71–72 سال) سمرقند
شہریت	دولت عباسیہ
عملی زندگی	
نمایاں شاگرد	محمد بن اسماعیل بخاری ، مسلم بن حجاج نیشاپور ، احمد بن حنبل ، ابو داؤد ، ابو زرعہ الرازی ، ابو عیسیٰ محمد ترمذی ، ابو حاتم رازی
پیشہ	محدث ، مفسر قرآن ، مصنف
پیشہ ورانہ زبان	عربی
شعبۂ عمل	علم حدیث ، تفسیر قرآن
کارہائے نمایاں	سنن الدارمی
مؤثر	فضل بن دکین

تعارف

امام الدارمی کی مستند کتبِ احادیث میں سنن الدارمی کو بہت شہرت حاصل ہے۔

ولادت

امام عبد الرحمٰن الدارمی کا مکمل نام ہے : الامام الحافظ ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن الفضل بن بہرام بن عبد الصمد الدارمی الترمذی السمرقندی۔

لقب

آپ کا لقب ہے : شیخ المسلمین فی الحدیث امام ابی حاتم نے آپ کو امام اھل زمانہ قرار دیا۔ (حوالہ:الجرح والتعدیل جلد 5 صفحہ458)

ولادت

آپ کی ولادت 181ھ بمطابق 797ء میں ہوئی۔ آپ کا اپنا بیان ہے کہ : میں اُس سال پیدا ہوا جِس سال عبداللہ ابن مبارک کا انتقال ہوا۔[2] محدث عبد اللہ ابن مبارک کا انتقال 181ھ میں ہوا تھا اِس حساب سے امام عبد الرحمٰن الدارمی کا سنِ ولادت 181ھ یعنی 797ء ہے۔

تلامذہ

امام ابوداؤد، امام مسلم، امام ترمذی، امام ابن ابی الدینا، امام محمدبن اسحاق سراج نیشاپوری، امام ابوزرعہ رازی، امام محمد بن یحیی الذھلی

حوالہ:تہذیب الکمال جلد15 صفحہ 213

درستی (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%B9%D8%A8%D8%AF_%D8%A7%D9%84%D8%B1%D8%AD%D9%85%D9%86_%D8%AF%D8%A7%D8%B1%D9%85%DB%8C&action=edit&section=0) - ترمیم (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%B9%D8%A8%D8%AF_%D8%A7%D9%84%D8%B1%D8%AD%D9%85%D9%86_%D8%AF%D8%A7%D8%B1%D9%85%DB%8C&veaction=edit)

وفات

آپ نے 74 سال کی عمر میں جمعرات 8 ذو الحجہ 255ھ بمطابق 17 نومبر 869ء کو بعد نمازِ عصر انتقال کیا۔ جمعہ9 ذوالحجہ255ھ بمطابق18 نومبر869ء کو دفن کیے گئے۔[3]

تصانیف

- سنن الدارمی
- تفسیر الدارمی
- الجامع

عربی ویکی ماخذ پر اس مضمون سے متعلق اصل متن موجود ہے:
عبدالرحمن دارمی

حوالہ جات

1. مصنف: فرانس کا قومی کتب خانہ — عنوان : اوپن ڈیٹا پلیٹ فارم — بی این ایف - آئی ڈی: https://catalogue.bnf.fr/ark:/12148/cb17160445m — اخذ شدہ بتاریخ: 11 جون 2024
2. تہذیب الکمال جلد15، صفحہ216
3. سنن الدارمی مؤلف: أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن الدارمی، ناشر: دار البشائر بیروت